Date= 15th March 2021 Dera Bugti

بخدمت جناب صوبائی سربراہ ڈبلیو ایچ او بلوچستان کوئٹہ

عنوان: منسوخی تعیناتی محمد رحیم یوسی پی او برائے یونین کونسل لوپ ضلع ڈیرہ بگٹی۔

جناب اعلی

مودبانہ گزارش ہے کہ یونین کونسل لوپ ضلع ڈیرہ بگٹی کا ایک پسماندہ ترین علاقہ ہے جو کہ کافی دور دراز تک پھیلا ہوا ہے لیکن اس پسماندہ علاقے میں پولیو جیسے موذی مرض کے لئے کوئی اچھا نظام موجود نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں نے کافی بار حکام سے گزارش کی تو اس کو مدنظر رکھ کر ڈبلیو ایچ او نے دیگر یونین کونسلوں کی طرح یوسی لوپ کے لئے بھی ایک یونین کونسل پولیو آفیسر کی منظوری دی اور باقائدہ اخبار میں شائع ہوا۔ یونین کونسل لوپ کے تجربہ کار اور تعلیم یافتہ نوجوانوں نے ٹیسٹ بھی دیا لیکن پھر سی ٹی سی نے یہ تعناتی کے آرڈرز بوجہ نامعلوم روکے رکھے۔

اعلی جناب اب شنیدن میں آرہا ہے کہ لوپ یونین کونسل کیلئے محمد رحیم کا نام منظوری کیلئے بھیج دیا گیا ہے جو کہ یونین کونسل سنگسیلہ کے رہائشی ہیں، یونین کونسل سنگسیلہ میں بھی یوسی پی او کا سیٹ خالی ہے مگر مندرجہ بالا شخص کو اپنے آبائی علاقے میں تعیناتی کے بجائے ہمارے دور دراز اور دشوار گزار علاقے میں تعنات کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، شنیدن میں آیا کہ محمد رحیم کو سی ٹی سی کی طرف سے انٹرنلی ایڈجسٹمنٹ کیلئے یونین کونسل لوپ اور یونین کونسل سنگسیلہ دونوں کا آفر کیا گیا مگر انہیں کی خواہش پر اسے یونین کونسل لوپ کیلئے منتخب کیا جارہا ہے کیونکہ اس آفیسر کے خلاف اس کے اپنے یوسی کے افراد نے ضلعی سطح پر کئی بار شکایات کی ہیں اور یہ شخص کافی عرصہ اس محکمے میں کام کرنے کے باوجود کوئی خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکے۔

لہٰذا آپ جناب سے گزارش ہے کہ اس آفیسر کی تعیناتی اپنے علاقے میں کی جائے۔ اور ہمارے یونین کونسل لوپ کیلئے یہاں کا رہائشی باشندہ تعنات کیا جائے تاکہ وہ اپنے لوگوں میں رہ کر ان کی خدمت کر سکے۔

جناب کی عین نوازش ہوگی۔

شکریہ۔

العارض

اہلیان لوپ، بذریعہ

وڈیرہ محمد حسین سیدیانی بگٹی

(signature)

کاپی برائے اطلاع وکاروائی۔

صوبائی سربراہ ای پی آئی بلوچستان کوئٹہ

ہیڈ آفس سی ٹی سی پاکستان اسلام آباد

صوبائی کوارڈینیٹر سی ٹی سی بلوچستان

ضلعی ہیلتھ آفیسر ڈیرہ بگٹی

Scanned with CamScanner